سوال

(460)قبر پر سلیپیں یا پھٹے ڈالنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا مٹی ڈالنے سے پہلے قبر پر سلیں یا پھٹے ڈالنا ضروری ہیں۔ یا اسی طرح میت پر مٹی ڈال دی جائے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مٹی اور میت کے درمیان کوئی شے حائل ہونی چاہیے۔ اسی طرح مٹی ڈالنا احترام میت کے منافی ہے۔ عمرو بن حزم فرماتے ہیں: ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ایک قبر پر ٹیک لگائے دیکھا، فرمایا: اس قبر والے کو ایذا نہ دو۔'' (رواہ احمد)

نیز فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میت کی ہڈی توڑنا زندہ کی ہڈی توڑنے کی طرح ہے۔ ان روایات سے معلوم ہوا احترام میت کے منافی کوئی فعل نہیں ہونا چاہیے۔ احادیث میں وارد لفظ (سامی) لحد (بغلی قبر) کا تقاضا بھی یہی ہے کہ درمیان میں آڑ ہو۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص753

محدث فتویٰ